اپنی جگہ جامع اور راستہ دکھانے والا ہے، بس مسئلہ رستے پر چلنا ہے۔(م- س)

مولانا محمد منظور نعمانی کی سرگزشت اور مولانا مودودی، مرتب: شفیق الرحمٰن عباسی، ناشر: اسلامک پبلی کیشنز، ۳-کورٹ سٹریٹ، لوئرمال، لاہور۔ صفحات: ۳۰۳۔ قیمت: ۱۶۰روپے۔

یہ کتاب اُن مطبوعہ تحریروں کا مجموعہ ہے، جو مولانا مودودی کے ابتدائی ساتھی مولانا محمد منظورنعمانی مرحوم کی جماعت اسلامی سے علیحدگی سے متعلّق داستان پر مشتمل ہیں۔ فاضل مرتب نے مولانا نعمانی کی الزامی تحریروں کے اقتباسات پیش کرتے ہوئے، معاصر حضرات کی جانب سے ان کے جوابات کو اس انداز سے مربوط کرنے کی کوشش ہے کہ دعویٰ اور جوابِ دعویٰ کا منظر بنتا دکھائی دیتا ہے۔ اگر اختصار سے کام لیتے ہوئے اس فردِقرارداد کو متعین الفاظ میں پیش کر کے تجزیہ کیا جاتا تو یہ اور زیادہ مؤثر پیش کش ہوتی۔ تاہم، موجودہ شکل میں بھی یہ صدائے بازگشت ایک معنویت رکھتی ہے۔(س-م-خ)

اُمت کا ایک ہی انتخاب: اسلام اور صرف اسلام، ڈاکٹر ابراہیم عبید۔ ترجمہ: گل زادہ شیرپاؤ۔ ناشر: ادارہ معارف اسلامی، منصورہ، لاہور۔ صفحات: ۵۶۔ قیمت: ۶۰ روپے۔

ڈاکٹر ابراہیم عبید کی پونے چھے سوصفحات کی اس کتاب میں پانچ ابواب قائم کر کے سیکولر عناصر کو منہ توڑ جواب دیا گیا ہے۔ الاسلام ھو الحل اس انتخاب میں اخوان کا نعرہ تھا۔ ادارہ معارف اسلامی نے اس کا پہلے باب کا ترجمہ شائع کردیا ہے۔ ۵۶ صفحے کے اس کتابچے میں جو موضوعات زیربحث آتے ہیں وہ اس طرح ہیں: ۱-اسلامی ریاست کا عروج و زوال، ۲- یورپی انقلاب اور سیکولرزم، ۳- سیکولرزم اور اسلام، ۴-شریعت اسلامی کی بالادستی، ۵- آخری باب صفحہ ۲۵ سے ۵۳ تک ہے، اور اس میں شاید سب ہی متعلقہ اُمور کا ذکر ہوگیا ہے، حتیٰ کہ تغیّرِ حالات سے تغیّرِ فتویٰ بھی۔ گویا دریا کو کوزے میں بند کردیا ہے۔ بقیہ ۵۰۰ صفحے کے ترجمے کا انتظار ہے تاکہ معلوم ہو کہ اس سمندر میں کیا کیا ہے فی الحال تو جیسے ٹریلر چلا دیا ہے۔(م- س)

احکامِ سُترہ، غلام مصطفیٰ، حافظ شاہد محمود۔ کتاب سرائے، الحمد مارکیٹ، اُردو بازار، لاہور۔

صفحات: ۱۰۴۔ قیمت: درج نہیں۔

سُترہ کے حوالے سے ہم صرف یہ حدیث جانتے ہیں کہ سامنے سے گزرنے کے بجاے ۴۰ سال بھی کھڑا رہنا پڑے تو کھڑے رہو۔ اب اچھی مسجدوں میں اس کا انتظام ہے کہ بڑے ہال میں کچھ ایسے پارٹیشن لگا دیتے ہیں جس کے پیچھے لوگ سنتیں پڑھتے ہیں۔ کل ہی ایک مسجد میں چھوٹے سائز کے بھی دیکھے کہ نمازی اپنے آگے رکھ لے۔ ایک صاحبِ علم سے پوچھا تو انھوں نے کہا کہ ایک دوصف آگے تک نہ گزرا جائے لیکن اس کتاب سے یہ معلوم ہوتا ہے (اگر مَیں غلط نہیں سمجھا ہوں) سترہ کی حد وہاں تک ہے جہاں آپ سجدہ کرتے ہیں۔ بہرحال، یہ مسئلہ جو ہر مسجد میں ہرنمازی کا مسئلہ ہے، اس کے تمام پہلو جاننے کے لیے مختصر کتابچہ یقیناً مفید ہے۔ (م- س)

خرم مرادؒ کے بارے میں مضامین کی اپیل

محترم خرم مرادؒ کے انتقال کے ایک سال بعد ہی، ان کے بارے میں آئین کا خصوصی نمبر آیا جو بعد میں منشورات نے **خرم مراد: حیات و خدمات** کتاب کی شکل میں شائع کیا۔ اب ۱۷ سال بعد اسے نئے اضافوں کے ساتھ شائع کیا جا رہا ہے، ان شاءاللہ! ان کے ان تمام احباب سے جو اس وقت نہ لکھ سکے تھے، اور ان سے استفادہ کرنے والے ہر شخص سے گزارش ہے کہ ان کی کوئی یاد، کوئی مشاہدہ، کوئی تاثر، مختصر یا طویل، جیسا آپ چاہیں ضرور لکھ کر بھیج دیجیے۔ از حد شکرگزار ہوں گے۔ یہ مضامین ستمبر کے آخر تک مل جائیں تو ہم اوائل دسمبر میں کتاب پیش کر دیں گے، ان شاءاللہ!

مضامین اس پتے پر ارسال کیے جائیں:

منشورات، منصورہ، لاہور-54570

فون: 042-5434909، فیکس: 042-35434907

ای-میل: manshurat@hotmail.com

● مسلم سجاد

● سلیم منصور خالد

● حسن صہیب مراد

اہم گزارش: اس رسالے میں اشتہار دینے والے اداروں یا افراد سے معاملات کی کوئی ذمہ داری ماہنامہ عالمی ترجمان القرآن کی انتظامیہ کی نہیں ہے۔ قارئین اپنی ذمہ داری پر معاملات کریں۔ (ادارہ)